نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پنیری کی کاشت کیلئے بیج کی تیاری بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **17 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے بیج کو خوردنی نمک 25 گرام فی لیٹر پانی کا محلول بنا کر اس میں بھگوئیں۔ناقص اور ہلکا بیج اوپر آنے پر اسے نتھار کر الگ کر لیں۔ بعدازاں بیج کو پانی سے دھو کر اچھی طرح صاف کر لیں۔اس کے بعد اسے سایہ دار جگہ میں فرش پر انڈیل دیں۔ جب زائد پانی نکل جائے تو 15 تا 20 کلوگرام کی ڈھیریاں لگا دیں۔ ہر لاٹ میں سے 400 بیج گن کر ان کو پانی میں بھگو دیں۔24 گھنٹے بھگونے کے بعد انہیں گیلے کپڑے میں لپیٹ کر سایہ دار جگہ میں رکھ دیں اور وقتاً فوقتاً ان پر پانی کا چھڑکاؤ کرتے رہیں تاکہ بیج خشک نہ ہو اور اسے ہلاتے رہیں۔36 تا 48 گھنٹے کے بعد مذکورہ بیج انگوری مارلے گا۔

☆☆☆☆